REF:________________ Date:____________________

## HOSPITAL MAIN CANTEEN CONTRACT CRITERIA

| | | |
|---|---|---|
| Mandatory Documents | Status on ATL | Bids without Mandatory documents shall not be considered for evaluation |
| | Income Tax Registration | |
| | Sales Tax Registration where applicable | |
| | Last Year income Tax Return | |
| | Last Year Sales Return where applicable | |
| | Last 03 years Bank Statement showing annual turnover equal to 06 month minimum defined rent. | |
| | 03 years Audit reports by external auditor if applicable | |
| | Registration with respective Govt. Department | |
| | Certificate that CDR (as per bidding document) is attached with financial bid | |
| | Affidavit on stamp paper duly attested regarding black listing & other conditions as per provided specimen in bid document. | |
| | 03 year experience of similar nature in a reputed Government/Private institution.<br>(Documentary evidence to be provided) | |
| Human Resources | 1. Cook/chef with 05 year experience = 03 for peak hours and 02 for off times<br>2. Waiters = one for three tables during peak hours and one for five tables for off times.<br>3. Kitchen helpers = 02 for each shift<br>4. Dish cleaners = 02 for each shift<br>5. Sweepers for customer areas = 02 for peak hours and one for off times<br>6. Cashers/counter man = two for each shift | |
| Physical Resources | 1. Tables with chairs as per capacity of space<br>2. Crockery of appropriate standard<br>3. Cutlery of suitable standards<br>4. Tissue papers on each table<br>5. Heating, cooling & ventilation system in customer area<br>6. Air fresheners<br>7. Television of appropriate size with sports & news channels.<br>8. Refrigerators & deep freezers<br>9. Cookery items of appropriate quantity<br>10. Health certificate of all staff from ATH at the start of contract (including but not limited to Hep B and C, HIV, TB, Syphilis serology).<br>11. 6 monthly checkup of all employees.<br>12. Mosquito repellents | |

# میڈیکل ٹیچنگ انسٹیٹوٹ

ایوب ٹیچنگ ہسپتال ایبٹ آباد

فون نمبر: 0992-384085-380412 فیکس نمبر:0992-380328

## ٹینڈر نوٹس

ایوب ٹیچنگ ہسپتال ایبٹ آباد کو اپنے مندرجہ ذیل چالو کنٹریکٹ کے لیے سر بمہر بذریعہ ڈاک / کوریئر سروس ٹینڈر مطلوب ہے (کوئی ٹینڈر دستی قبول نہیں کیا جائے گا۔

| نمبر شمار | تفصیل / کنٹریکٹ | ٹینڈر فارم کی قیمت | ٹینڈر فارم حاصل کرنے کی آخری تاریخ | ٹینڈر فارم وصولی کی آخری تاریخ و وقت | ٹینڈر جمع کرانے کی تاریخ اور وقت | زر ضمانت بشکل کال ڈیپازٹ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |
| 01 | مین کینٹین | 1500 روپیہ (نا قابل واپسی) | 17-10-2018 | 17-10-2018 بوقت 12.00 بجے | 17-10-2018 بوقت 12.30 بجے | تین ماہ کرائے کے برابر |

**شرائط**:

**ٹینڈر criteria بڈنگ ستاویزات کا حصہ ہیں۔**

1۔ٹینڈر فارم / کاغذات مجوزہ فیس / نا قابل واپسی کی ادائیگی پر پیکیورمنٹ سیل سے مقررہ تاریخ تک حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

2۔ٹینڈر فارم ادارا ہذا کی ویب سائیٹ www.ath.gov.pk پر موجود ہے۔

3۔کنٹریکٹ کی معیاد 30-06-2020 تک ہوگی۔ بہر حال مجاز اتھارٹی ایک ماہ کے نوٹس پر ٹینڈر ختم کرسکتی ہے۔ یا غیر معیاری کارکردگی پر ٹینڈر کسی بھی وقت بغیر نوٹس کے ختم کر دیا جائے گا۔

4 . یکم جولائی 2019 سے 10% اضافہ کر دیا جائے گا اگلے سال کے لئے یعنی 30-06-2020 تک۔

5. ٹینڈر یک مرحلہ دو نبد لفافوں کی بنیاد پر ہوں گی۔ٹینڈر دھندگان ایک لفافے کے اندر (2) بند لفافے ڈالیں گے جن کے اوپر واضح طور پر علیحدہ علیحدہ لکھنا ہوگا۔ (ٹیکنیکل ٹینڈر) اور (فنانشیل ٹینڈر)۔ مذکورہ بالا مقررہ تاریخ اور وقت کو ٹیکنیکل ٹینڈر حاضر ٹھیکیداروں یا ان کے مجاز نمائندوں کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ نعد میں ٹیکنیکل طور پر کامیاب قرار دیئے جانے والے ٹھیکیداروں / فرموں کی فنانشل ٹینڈر کھولے جائیں گے۔ٹینڈر خیبر پختونخواہ پبلک پریکیورنمنٹ قوائد و ضوابط 2014 کے مطابق پایہ تکمیل تک پہنچائے جائیں گے۔ فرم / ٹھیکیدار کا خیبر پختون خواہ ریوینیو اتھارٹی کے ساتھ رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔

6۔ٹیکنیکل پروپوزل کے ساتھ۔

Contract criteria کے مطابق تمام دستاویزات و سرٹیفیکیٹ منسلک کئے جائیں جن کی بنا پر فرم کی جانچ کی جائے گی۔

7۔ (ا)۔ بیان حلفی بابت سیکورٹی کے تین ماہ کرائے کے برابر فنانشل ٹینڈر کے اندر موجود ہے۔ بیان حلفی میں یہ بات بھی ظاہر کرنا ہوگی کہ وہ کسی محکمہ کا نا دہندہ یا بلیک لسٹ ہے اور ٹینڈر کے ساتھ منسلکہ تمام کاغذات اس کے علم کے مطابق درست ہیں اور جعلی ثابت ہونے پر نہ صرف ٹینڈر منسوخ ہوگا بلکہ سیکورٹی ضبط کر لی جائے گی۔

ب)۔ فہرست ملازمین منیجر، کک، بیرے، ڈش واشر بمعہ تعداد و کاغذات و تجربہ نیز ان ملازمین کے لئے ضروری ہے کہ وہ سرکاری ادارہ سے ریٹائر ہوں یا تجربہ رکھنے والے اپنے کاغذات ساتھ لگانے ہوں گے۔

(پ)۔ ٹینڈر فیس جمع کرنے کی رسید۔

(ت)۔ ادارہ ہذا کے سابق موجودہ ٹھیکیداروں کو کلیئرنس و کارکردگی سرٹیفیکیٹ منسلک کرنا ہوگا۔

(ث) نقل قومی شناختی کارڈ، دوعدد حالیہ تصاویر۔

(8)۔ صرف ٹیکنیکل میں کامیاب ٹھیکیداروں/فرموں کی زیادہ سے زیادہ پیشکش بطور کرایہ قبول کی جائے گی۔ٹیکنیکل ٹینڈر میں ناکام ٹینڈر دہندگان کی فنانشل ٹینڈ من وعن واپس کئے جائیں گے۔

(9)۔ کسی قسم کی کٹنگ/اوور رائٹنگ قابل قبول نہیں ہوں گی۔

(10)۔ کینٹین کا کا ماہانہ کرایہ -/470000 تجویز کیا گیا ہے۔بجلی اور گیس بل بمطابق میٹر ہوں گے۔جو کرایہ کے علاوہ جمع کروانا ہوں گے۔زیادہ سے زیادہ پیش کس دینے والے کنٹریکٹر کو کامیاب قرار دیا جائے گا۔بجلی گیس بل استعمال کے مطابق ہوگا اور جو ماہانہ ایوب میڈیکل کالج کے اکاؤنٹس میں جمع کرانا ہو گا اور رسید کی نقل انچارج کنٹریکٹ کے پاس جمع کروانی ہوگی۔

(11)۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ کو ہر ماہ کی 5 تاریخ تک ماہانہ کرایہ پیشگی جمع کرانا ہوگا۔ 5 تاریخ سے لیٹ کرایا جمع ہونے کی صورت میں 5 فیصد جرمانہ وصول کیا جائے گا۔2 ماہ کا مسلسل کرایہ نہ جمع کرنے کی صورت میں کنٹریکٹ منسوخ کیا جائے گا اور سکیورٹی ضبط کی جائے گی۔

(12)۔ کینٹین کے لیے ملازمین کی زمہ داری ٹھیکیدار کی ہوگی۔اور 18 سال سے کم عمر کا کوئی ملازم نہیں ہوگا۔تمام کینٹین ملازمین کا طبعی معائنہ ٹھیکیدار کے خرچ پر میڈیکل آفیسر کرے گا۔کینٹین کے ملازمین کو اسلحہ ومنشیات رکھنے کی اجازت نہیں ہے۔انتظامیہ کسی قسم کے کریڈٹ (ادھار) کی زمہ دار نہیں ہوں گی۔کینٹین ایریا میں سگریٹ اور نسوار کی فروخت کی قطعاً اجازت نہیں ہے۔

(13)۔ اشیائے خوردونوش کے ریٹس کی کاپی منسلک ہے (کامیاب ٹینڈر دہندہ کو یہ ریٹس زیر دستخطی سے دستخط شدہ کینٹین میں اویزاں کرنا ہوں گے۔کسی قسم کی زائد وصولی پر 5 ہزار روپے تک جرمانہ کیا جاسکتا ہے۔دو یا تین شکایات ثابت ہونے کی صورت میں معاہدہ منسوخ کیا جاسکتا ہے۔

(14)۔ کینٹین کی روزمرہ کی صفائی وستھرائی کی زمہ داری ٹھیکیدار کی ہوگی۔ہسپتال انتظامیہ یا افسرِ مجاز باقاعدگی سے صفائی کا معیار اندرون کینٹین اور بیرون کینٹین معائنہ کریگا اور کسی قسم شکایت کی صورت میں کنٹریکٹ منسوخ یا جرمانہ کیا جاسکتا ہے۔اگر ٹھکیدار کی کارکردگی تسلی بخش نہیں ہوگی تو کنٹریکٹ منسوخ کیا جاسکتا ہے۔

(15)۔ کینٹین کے ملازمین کو متعین کردہ صاف وشفاف یونیفارم پہننا ہوگا جو کہ ٹھیکیدار اپنے طور پر فراہم کرے گا۔

(16)۔ ٹھکیدار کسی دوسرے شخص کو ٹھیکہ تبدیل کرنے پر یا پٹے پر نہیں دے سکتا۔اگر ٹھیکہ کسی دوسرے کو دیا گیا اور یہ ثابت ہوا تو ٹھیکہ منسوخ ہوگا اور سکیورٹی ضبط کی جائے گی۔

(17)۔ کوئی دستی ٹینڈر وصول نہیں کیا جائے گا۔سربمہر ٹینڈر بذریعہ ڈاک / کوریئر سروس کے ذریعے تاریخ مقررہ 17-10-2018 بوقت 12-00 بجے تک دفتر زیر دستخطی میں وصول کئے جائیں گے۔ادارہ اہذا کے سابق موجودہ ٹھیکیداروں کو کلیئرنس وکارکردگی سرٹیفکیٹ منسلک کونا ہوگا۔

(18)۔ کینٹین ٹھیکیدار کوئی باسی اشیاء یا کھانا گاہکوں کو مہیا نہیں کرئے گا۔روزانہ تازہ کھانا تیار کرے گا۔اور ریفریجریٹر میں رکھا گیا کھانہ دوسرے دن استعمال نہیں کرے گا۔باسی کھانے یا کسی اور مضر صحت اشیاء کی فروخت کی بابت کسی گاہک کو نقصان پہنچا تو ادارہ زمہ دار نہیں ہوگا۔بلکہ اس کی تمام زمہ داری ٹھیکیدار پر عائد ہوگی۔ایک مرتبہ استعمال شدہ تیل یا ڈالڈا جو کسی بھی مستند برانڈ کا ہونا چاہئے دوبارہ استعمال نہیں کیا جاسکے گا۔بغیر مستند برانڈ کے کوئی چیز کینٹین میں فروخت کی اجازت نہیں ہوگی۔خلاف ورزی کی صورت میں بھاری جرمانہ کیا جائے گا۔

(19)۔ سکیورٹی ڈیپازٹ معیاد ختم ہونے کے بعد کلیرئنس سرٹیفکیٹ لے کر واپس کی جائے گی۔

(20)۔ ٹینڈر منظوری سے پہلے کسی وقت بھی منسوخ کئے جاسکتے ہیں۔ٹینڈر کی معیاد 90 دن ہوگی۔

(22) کھانے اور چائے کی فروخت ہسپتال کے اندر منع ہوگی۔

(23) کینٹین میں تمام فرنیچر نیا اور اعلیٰ قسم کا رکھنا اور ساتھ تمام کراکری اچھی قسم کی رکھنا ٹھیکدار کی ذمہ داری ہوگی۔

(24) ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر کی طرف سے جو ہدایات ہوں گی ان پر سختی سے عمل درآمد کرنا ہوگا۔

(25) کھانے پینے کی تمام اشیاء سٹیل ٹرالی میں ڈھانپی ہوئی ہوں۔

(26) ٹھیکدار اور ملازمین کو اسلحہ لانے یا رکھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

(27) مندرجہ بالا کسی بھی شک کی خلاف ورزی کی صورت میں کنٹریکٹ کی منسوخی و جرمانہ ہوگا۔

(28) ادارہ کسی قسم کے ادھار یا نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

(29) کسی بھی وقت ہاسپٹل انتظامہ ایک مہینہ کے نوٹس پر کینٹین خالی کرائی جاسکتی ہے اور ٹھیکہ دار اس کے خلاف کوئی قانونی چارہ جوئی کا حق نہیں رکھے گا۔

مذکورہ بالا شرائط میں نے بغور پڑھ لی ہیں اور ان کے مطابق کینٹین چلانے کا پابند ہوں گا۔

(30) ہاتھ سے لکھا گیا ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔ ٹینڈر ریٹ ٹائپ شدہ قبول کیا جائے گا۔

**ہاسپٹل ڈائریکٹر**

**ایوب ٹیچنگ ہاسپٹل ایبٹ آباد**

**FINANCIAL BID**
**FOR MAIN CANTEEN AYUB TEACHING HOSPITAL**
**ABBOTTABAD**

Dated ______________

To,

The Hospital Director,
Ayub Teaching Hospital,
Abbottabad.

I hereby affirm that I will abide all the terms & conditions and offer.

Monthly Rent Rs. (in figure)________________________________

In words. ____________________________________________________
______________________________________________________________

Signature of contractor / firm
with stamp